www.dailyaaj.com.pk

پشاور، ایبٹ آباد اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونیوالا کثیر الاشاعت قومی روزنامہ

روشن کل کی ضمانت، آج کا نصب العین

روزنامہ آج پشاور پاکستان

گروپ چیف ایگزیکٹو نگہت شاہین

بانی عبدالواحد یوسفی

جلد 37 جمعرات 25 ربیع الثانی 1448ھ 8 اکتوبر 2026ء 24 اسوج - قیمت 40 روپے شمارہ 266

دفتر تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن بڈھ بیر پشاور

اشتہار نیلامی ٹھیکہ جات

برائے مالی سال 27-2026 بذریعہ E-AUCTION دوسری بار

تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن بڈھ بیر صوبائی حکومت/لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخوا کی نئی پالیسی گائیڈ لائن بذریعہ نوٹیفکیشن نمبر AOII/LCB/6-11/2026 مورخہ 07-05-2026 کے تحت اپنے درج ذیل ٹھیکہ جات برائے مالی سال 27-2026 از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027 بذریعہ آن لائن بولی (E-Auction) نیلام کرنا چاہتی ہے۔ دلچسپی رکھنے والے خواہشمند حضرات/فرمز جو کہ سال 27-2026 کے لئے لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخوا سے متعلقہ کلاس میں باقاعدہ رجسٹرڈ ہوں، اپنی بولی/آفر لوکل کونسل بورڈ کی E-Baldia/E-Auction ویب سائٹ (https://cfmis.lgkp.gov.pk/auction/bidder/login/) پر دے سکتے ہیں۔ آن لائن بولی تین دن یعنی بروز پیر صبح 09:00 بجے سے لیکر بروز بدھ دن 04:00 بجے تک نیچے شیڈول میں موجود مندرجہ تواریخ کے مطابق ہوگی۔

شیڈول نیلامی

نمبر شمار	نام ٹھیکہ	زر بیعانہ	میعاد ٹھیکہ	نیلامی کی تاریخ
01	ایڈورٹائزمنٹ/سائن بورڈ فیس	-/2,00,000 روپے	از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027	26 تا 28 اکتوبر 2026

شرائط:

1- یہ کہ نیلامی میں وہ حضرات/فرمز حصہ لے سکتے ہیں جنہوں نے لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخوا کے ساتھ سال 27-2026 کے لیے متعلقہ کلاس میں باقاعدہ رجسٹریشن کی ہو اور مقرر شدہ زر بیعانہ بشکل کال ڈیپازٹ کی تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن، بڈھ بیر پشاور آن لائن بولی دینے سے دو دن قبل لوکل کونسل بورڈ کی ویب سائٹ پر اس کی تفصیل درج کرے گا۔ ویب سائٹ پر دی گئی کال ڈیپازٹ سے متعلق تفصیلات غلط یا جعلی ہونے کی صورت میں بولی دہندہ کو بلیک لسٹ کیا جائے گا۔ آن لائن بولی کا ٹائم ختم ہونے کے بعد کامیاب بولی دہندہ دو یوم کے اندر اندر مذکورہ کال ڈیپازٹ ہمراہ تصدیق شدہ نقل قومی شناختی کارڈ اور لائسنس رجسٹریشن جمع کرانے کا پابند ہوگا۔

2- یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کل رقم ٹھیکہ کا 15% پندرہ فیصد زر پیشگی اور پانچ فیصد زر ضمانت اگلے دو یوم کے اندر دفتری اوقات کار تک جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ جس میں 15% پندرہ فیصد زر پیشگی کی مجرائی ٹھیکہ کی آخری قسط میں کی جائیگی مزیدہ 5% پانچ فیصد زر ضمانت کی واپسی، حساب کتاب کی بے باکی کے بعد کی جائیگی اور ناکامی کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ کی بولی منسوخ کی جائے گی اور جمع شدہ زر ضمانت 5% بحق سرکار ضبط کی جائیگی۔ مزید برآں صوبائی حکومت (لوکل کونسل بورڈ) کو پہلے سے جمع شدہ سیکورٹی ضبط کرنے کی سفارش بھی کی جائے گی اور ٹھیکہ دوسرے نمبر پر سب سے زیادہ بولی دینے والے کو کامیاب بولی دہندہ کی قیمت پر پیش کی جائے گی۔

3- یہ کہ جو فیس سال میں مرتبہ وصول ہوتی ہے (ایڈورٹائزمنٹ کے لیے کامیاب بولی دہندہ کل رقم کا 50% رقم بطور زر پیشگی اور زر ضمانت اگلے دو یوم کے اندر اندر دفتری اوقات کار میں جمع کروانے کا پابند ہوگا اور باقی 50% فیصد رقم تین مساوی اقساط پہلے تین مہینوں یعنی اکتوبر نومبر اور دسمبر میں جمع کروانے کا پابند ہوگا)۔

4- یہ کہ کسی بھی بلدیاتی ادارے کا بقایا دار/فرم نیلامی میں حصہ لینے کا اہل نہیں ہوگا۔

5- یہ کہ ٹھیکہ کی رقم کی علاوہ کامیاب بولی دہندہ حکومت کی طرف سے منظور شدہ شیڈول کے مطابق فیس وصول کرے گا اور لاگو شدہ انکم ٹیکس شق نمبر 4-236 فنانس ایکٹ 2013ء کے تحت کامیاب بولی دہندہ کی رقم کے علاوہ مقررہ شرح کے حساب سے جمع کرنے کا پابند ہوگا اور اگر اسی دوران ٹھیکہ پر صوبائی یا مرکزی حکومت کی طرف سے مزید کسی قسم کا ٹیکس نافذ کیا گیا تو کامیاب بولی دہندہ اسی شرح کے مطابق ٹیکس جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

6- یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کو ٹھیکہ کا قبضہ اس وقت تک نہیں دیا جائے گا جب تک اس نے کل رقم ٹھیکہ کا زر پیشگی اور زر ضمانت داخل خزانہ تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن، بڈھ بیر پشاور نہ کیا ہو۔

7- یہ کہ دوران آن لائن نیلامی غیر معمولی/غیر حقیقی بولی دینے والے ٹھیکہ دار سے تاخیر کے سبب مذکورہ ٹھیکہ کی حکمانہ وصولی میں نقصان کی رقم کے ساتھ ساتھ اشتہارات چارجز کی رقم بھی وصول کی جائے گی۔

8- یہ کہ مجاز اتھارٹی کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ معقول وجوہات کی بناء پر کسی ایک یا تمام بولی کو مسترد کرے۔

9- یہ کہ کوئی بھی ایسی حرکت جس میں بولی دہندگان کے ساتھ ملی بھگت، بولیوں میں ہیرا پھیری یا حکام پر اثر انداز ہونے کی کسی بھی کوشش کے نتیجے میں سخت قانونی کاروائی کی جائے گی بشمول نااہلی اور بلیک لسٹنگ (Disqualification & Blacklisting)۔

10- یہ کہ ٹھیکہ دار لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخوا کی طرف سے آن لائن نیلامی کی شرائط و ضوابط برائے مالی سال 27-2026 اور مندرجہ بالا مذکورہ شرائط پر عمل نہ کرنے کی صورت میں کال ڈیپازٹ بحق تحصیل بڈھ بیر ضبط کر دیا جائے گا اور صوبائی حکومت (لوکل کونسل بورڈ) خیبر پختونخوا سے جمع شدہ سیکیورٹی ضبط کرنے اور بلیک لسٹ کرنے کی سفارش کی جائیگی۔

المشتہر: تحصیل آفیسر (ریگولیشن)
ٹی ایم اے، بڈھ بیر، پشاور

بحکم: تحصیل میونسپل آفیسر
ٹی ایم اے، بڈھ بیر، پشاور

www.khyberpakhtunkhwa.gov.pk INF(P)5063/26 Zero Tolerance to Corruption

CamScanner

از دفتر تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن، بڈھ بیر پشاور

شرائط نیلامی

1. ٹھیکہ ایڈورٹائزمنٹ/سائن بورڈ فیس، ٹی۔ایم۔اے، بڈھ بیر پشاور میعاد ٹھیکہ: ایک سال از یکم جولائی 2026ء تا 30 جون 2027ء ہوگا۔

2. یہ کہ لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخوا یا کسی دوسرے بلدیاتی ادارے کا بقایا دار/نادہندہ E-Auction میں حصہ لینے کا اہل نہیں ہوگا اور اگر بعد از E-Auction کامیاب بولید ہندہ مقروض ثابت ہوا تو اس کی بولی منسوخ اور زربیعانہ بحق تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن، بڈھ بیر پشاور ضبط ہوگا۔

3. آن لائن نیلام میں وہ حضرات/فرم جو سال 27-2026ء کیلئے لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخواہ پشاور کے ساتھ متعلقہ کلاس میں باقاعدہ رجسٹر ہوں۔ مقررہ تاریخوں میں آخری تاریخ یعنی پیر 26 اکتوبر 2026 بوقت صبح 09:00 سے بروز بدھ 28 اکتوبر 2026 کو سہ پہر 04:00 بجے تک آن لائن بولی (E-Auction) میں حصہ لے سکتے ہیں

4. یہ کہ نیلامی میں حصہ لینے سے پہلے بولی دہندہ مبلغ -/200,000 روپے کا کال ڈیپازٹ بحق ٹی ایم اے، بڈھ بیر پشاور جمع کرے گا اور نیلامی کی مقررہ تاریخوں میں بولی سے دو دن پہلے لوکل کونسل بورڈ/E-Baldia کی ویب سائٹ https://cfmis.lgkp.gov.pk پر اس کی تفصیل درج کریگا۔ ویب سائٹ پر دی گئی کال یپازٹ سے متعلق تفصیلات غلط یا جعلی ثابت ہونے کی صورت میں بولی دہندہ بلیک لسٹ کیا جائیگا۔

5. یہ کہ بعد از اختتام آن لائن بولی/پیشکش کامیاب بولی دہندہ کل رقم بولی کا پچاس فیصد (45%) زرپیشگی اور پانچ فیصد (5%) زرضمانت دو یوم کے اندر اندر دفتری اوقات کار (یعنی 29، 30 اکتوبر بروز جمعرات، جمعہ تک) داخل خزانہ تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن، بڈھ بیر پشاور کرے گا۔

6. یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کو بعد از حتمی منظوری یکم نومبر 2026ء سے بولی کی رقم کے مطابق چارج/قبضہ حوالہ کیا جائے گا۔

7. یہ کہ کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کا کل زرنیلام/ٹھیکہ کا پچاس فیصد (50%) زرپیشگی وزرضمانت جمع شدہ کے علاوہ باقی پچاس فیصد (50%) اگلے تین ماہ میں مساوی اقساط کو جمع کرنے کا پابند ہوگا۔

8. اگر مقررہ تاریخ تک ماہوار قسط جمع نہ کی تو کامیاب بولی دہندہ دو فیصد (2%) فی یومیہ جرمانہ (Surcharge) بمع قسط جمع کرنے کا پابند ہوگا۔ اگر کامیاب بولی دہندہ ماہوار اقساط کی 5 تاریخ تک ادائیگی کرنے میں ناکام رہا تو 6 تاریخ سے 10 تاریخ تک 2 فیصد یومیہ سرچارج بمع قسط دینے کا پابند ہوگا اور اگر مقررہ تاریخ سے لیکر 15 تاریخ تک ماہوار قسط بمع سرچارج جمع کرنے میں ناکام رہا تو آخری نوٹس پر ٹھیکہ منسوخ کر کے جمع شدہ رقومات بحق سرکار ضبط تصور ہوگی۔

9. کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کی منظوری کے سات (7) یوم کے اندر اندر اپنے خرچے پر ٹی ایم اے بڈھ بیر پشاور کے ساتھ اقرار نامہ (Agreement) تحریر کرے گا، مزید یہ کہ کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کے برابر رقم کی جائیداد رکھنے والے دو (2) معزز افراد کی تحریری گارنٹی پیش کرے گا، جو فرسٹ کلاس مجسٹریٹ سے تصدیق شدہ ہو۔ اگر کامیاب بولی دہندہ نے سات یوم کے اندر اندر ٹی ایم اے بڈھ بیر پشاور کے ساتھ معاہدہ نامہ/Agreement تحریر نہ کیا تو بولی منسوخ تصور ہوگا اور کال ڈیپازٹ بحق ٹی ایم اے بڈھ بیر پشاور ضبط کیا جائے گا۔

10. یہ کہ کامیاب بولی دہندہ سائن بورڈ فیس ٹی ایم اے بڈھ بیر پشاور کے حدود میں وصولی کرنے کا حقدار ہوگا۔

11. یہ کہ کامیاب بولی دہندہ بمطابق وفاقی حکومت، صوبائی حکومت یا FBR کی طرف سے واجب الادا انکم ٹیکس جمع کرنے کا پابند ہوگا اور اگر صوبائی حکومت یا مرکزی حکومت کی طرف سے ٹھیکہ جات پر مزید کوئی بھی ٹیکس لاگو کیا گیا تو کامیاب بولی دہندہ اسی شرح کے مطابق ٹیکس ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

12. کسی بھی نقصان کی صورت میں تمام تر نقصان کا ذمہ دار کامیاب بولی دہندہ خود ہوگا۔ اور نہ ہی بولی دہندہ محکمہ سے (Claim) ہرجانہ طلب کریگا بلکہ باقاعدگی سے کامیاب بولی دہندہ ماہانہ قسط داخل خزانہ تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن بڈھ بیر پشاور میں جمع کرنے کا پابند ہوگا اور دوران ٹھیکہ کامیاب بولی دہندہ کو ہر قسم کے نقصان اٹھانا پڑا تو محکمہ اسے پورا کرنے کا ذمہ دار نہ ہوگا اور نہ ہی بولی دہندہ کسی قسم کی معافی (Remission) کا مطالبہ کریگا اور نہ ہی کسی قسم کا دعویٰ (Claim) کرنے کا مجاز ہوگا۔

13. یہ کہ کامیاب بولی دہندہ پر لازم ہوگا کہ وہ کوئی بورڈ فکسنگ کرنے سے پہلے (ہر قسم بورڈ، نیون بورڈ، پول، ٹرائی وژن) جگہ اور سائز کی منظوری مجاز آفیسر/اتھارٹی سے حاصل کریگا۔

14. یہ کہ اگر کوئی کمپنی یا شخص ٹیکس ادا کرنے سے گزیر کرے تو ایسی صورت میں کامیاب بولی دہندہ ایڈمنسٹریٹر/ٹی۔ایم۔او، ٹی ایم اے بڈھ بیر پشاور کو تحریری رپورٹ بمعہ مکمل کوائف پیش کریگا جس پر قانونی کاروائی عمل میں لائی جائیگی نیز نامکمل کوائف مہیا کرنے پر کسی قسم کی کاروائی عمل میں نہیں لائی جائیگی۔

15. یہ کہ کامیاب بولی دہندہ فیس کی وصولی کیلئے اپنا نمائندہ/آپریٹر مقرر کریگا اور کسی بھی قسم کی جانی ومالی نقصان کا تمام تر ذمہ دار کامیاب بولی دہندہ ہوگا جس سے محکمہ کا کوئی سروکار نہیں ہوگا اور کامیاب بولی دہندہ کے انتظامات کا آفیسر (ریگولیشن) یا کوئی اور مجاز آفیسر معائنہ کرے گا اور اگر بعد از معائنہ کوئی غلطی پائی گئی تو اس کو فوری طور پر دور کرنا کامیاب بولی دہندہ کا فرض منصبی ہوگا جہاں کہیں کامیاب بولی دہندہ کو انتظامیہ کی حتمی امداد کی ضرورت ہو تو مجاز آفیسر/اتھارٹی قانون کے اندر رہتے ہوئے امداد مہیا کریگا۔

16. یہ کہ اگر دوران ٹھیکہ فریقین کے مابین کسی قسم کا تنازعہ پیدا ہوا تو کامیاب بولی دہندہ ایک مہینے کے اندر اندر جناب ریجنل میونسپل آفیسر سے بطور ثالث رجوع کریگا اور ان کا فیصلہ آخری اور حتمی ہوگا جسے کسی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جاسکے گا اور دوران تنازعہ کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کے ماہانہ قسط باقاعدگی سے جمع کرنے کا پابند ہوگا۔

17. یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کسی بھی حالت میں ٹھیکہ کسی دوسرے شخص یا پارٹی کو سب لیٹ (Sublet) کرنے کا مجاز نہ ہوگا اور خلاف ورزی کی صورت میں ٹھیکہ کامیاب بولی دہندہ کی نقصان (Risk & Cost) پر منسوخ کردیا جائیگا۔

18. یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کی ٹھیکہ کی حتمی منظوری مجاز اتھارٹی دے گی اور حتمی منظوری کے بعد وصولی ٹی ایم اے بڈھ بیر کے منظور شدہ گزیٹڈ شیڈول کے مطابق کرے گا، اور اگر شیڈول کے بر

CS CamScanner

خلاف زیادہ وصولی کرتے پایا گیا تو اسے وصول شدہ رقم کے گیارہ گنا جرمانہ ادا کرنا ہوگا، اور اگر دوبارہ ایسے کرتے پایا گیا تو کامیاب بولی دہندہ کے Risk&Cost پر بولی منسوخ کر کے جمع شدہ رقوم بحق ٹی ایم اے بڈھ بیر ضبط کر دیا جائے گا۔ اور اگر ٹی ایم اے کو محکمانہ وصولی میں کوئی نقصان ہو تو وہ کامیاب بولی دہندہ منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے کی جائے گی۔

19 یہ کہ رسید چاک کرتے وقت کاربن پیپر استعمال کریگا اور ایک پرت اصلی صارف کو دیا جائیگا اور ایک پرت کاربن والا کاؤنٹر فائل میں محفوظ رکھنا ہوگا اور رسید چاک کرتے وقت مندرجہ ذیل عبارت تحریر کرنا ہوگی۔

ا۔ فیس ادا کنندہ کا نام بمعہ مکمل پتہ ۲۔ نوعیت فیس/ بورڈ ۳۔ وصول شدہ رقم واضح طور پر ہندسوں اور لفظوں میں تحریر کرنا ہوگی۔

20 یہ کہ کامیاب بولی دہندہ اس چیز کے خلاف کوئی دعویٰ نہیں کریگا جسکو تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن بڈھ بیر پشاور اور صوبائی حکومت مستثنیٰ قرار دے۔

21 یہ کہ صوبائی حکومت کی طرف سے وقتاً فوقتاً جو بھی احکامات صادر ہوئے ہیں یا ہونگے کامیاب بولی دہندہ ان احکامات کا پابند ہوگا۔

22 یہ کہ شرائط نیلامی کی عدم تعمیل کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ تصور ہوگا اور کامیاب بولی دہندہ کسی قسم کی وصولی کا حق دار و مجاز نہ ہوگا۔

23 یہ کہ حتمی منظوری کے بعد کسی قسم کی گفت و شنید نہ ہوگی۔

24 یہ کہ کامیاب بولی دہندہ بقایادار (Defaulter) ہونے کی صورت میں واجب الادا رقم بذریعہ لینڈ ریونیو ایکٹ کے تحت وصول کی جائیگی۔

25 یہ کہ بولی دہندہ صوبائی حکومت کی لاگو شدہ شرائط و ضوابط (Terms & Conditions) جاری کردہ بحوالہ انگریزی چٹھی نمبر: AOII/LCB/6-11/2026 تاریخ 7 مئی 2026ء کا پابند ہوگا۔

26 یہ کہ ایڈمنسٹریٹر/ تحصیل میونسپل آفیسر صاحب، تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن بڈھ بیر پشاور کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ معقول وجہ بتانے پر بولی کو مسترد یا رد کر دے۔

27 یہ کہ کامیاب بولی دہندہ بولی دینے سے پہلے شرائط پڑھ اور سمجھ لی ہیں اور ان کی پابندی کی جائے گی اور کامیاب بولی دہندہ مذکورہ بالا شرائط پر عمل نہ کرنے کی صورت میں کال ڈیپازٹ بحق تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن بڈھ بیر ضبط کر دیا جائیگا اور صوبائی حکومت (لوکل کونسل بورڈ) خیبر پختونخوا سے جمع شدہ سیکورٹی ضبط کرنے اور بلیک لسٹ کرنے کی سفارش کی جائے گی۔

تحصیل آفیسر (ریگولیشن)،
ٹی۔ ایم۔ اے، بڈھ بیر پشاور

ایڈمنسٹریٹر/ ٹی۔ ایم۔ او،
ٹی۔ ایم۔ اے، بڈھ بیر پشاور

CamScanner